1989ء سے مسلسل اشاعت | 30 ستمبر تا 6 اکتوبر 2022 | شمارہ نمبر 40 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ
کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# BIKIYA PAPER MART

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

## CONTACT

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

## CONTACT

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINARSPECTRA
premium colour paper




spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS



| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |

### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 23 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیرا انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960


# پیپر امپورٹرز کے ریفنڈ کیسز: مزید 24 ایف ٹی او میں داخل

## 30 امپورٹرز نے کسٹم سے ریفنڈ کے لئے کارروائی کا آغاز کردیا، 19 سال بعد وعدے کے مطابق ہم امپورٹرز کے ساتھ کھڑے ہیں، محمد سلیم بیکیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) گذشتہ ہفتے فیڈرل ٹیکس محتسب کے پاس پیپر مارکیٹ کے مشہور زمانہ تاریخی اجتماعی انڈر انوائسنگ کے 2003 کے کسٹم کے لگائے گئے الزامات کے کیس میں 19 سال بعد 19 ستمبر 2022 کو جو کامیابی حاصل ہوئی تھی اور وفاقی ٹیکس محتسب نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو ہدایت کی تھی کہ سپریم کورٹ، ہائی کورٹ کے فیصلوں کے باوجود طویل عرصہ سے التوا کا شکار پیپر امپورٹرز کے ریفنڈ قانون کے مطابق فوری طور پر ادا کر دیئے جائیں۔ ایف ٹی او نے فیصلے پر عملدرآمد کیلئے 45 دن کا وقت دیا ہے۔ حکم میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو فوری طور پر عرصہ سے التوا میں پڑے ریفنڈ کے دعویٰ کو قانون کے مطابق نمٹانے کا کہا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ایف بی آر کے ممبر (قانون) کو یہ ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اپنے تمام دفاتر کو ہدایات جاری کریں کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ معزز ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں ریفرنسز دائر کرنے سے قبل کیسز کا باریک بینی سے جائزہ لے کر صرف ان کیسز کے خلاف اپیل دائر کرے جس کے لیے مضبوط شواہد اور دلائل موجود ہوں اور قانونی طور پر جیتے جا سکتے ہوں۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے یہ فیصلہ الرحیم پرنٹرز کراچی سمیت 30 امپورٹرز کے ایک گروپ کی جانب سے داخل کی گئی ایک درخواست پر دیا تھا۔ مزید کہا ہے کہ اس کے علاوہ ایسی دیگر یکساں شکایات کنندگان اور امپورٹرز پر بھی اس کا اطلاق کرے۔ اس فیصلے کی روشنی میں معلوم ہوا کہ مزید 24 امپورٹرز نے وفاقی ٹیکس محتسب کو ریفنڈ کے لئے درخواستیں دائر کردی ہیں اور یکساں کیس ہونے کے باعث جلد ہی محتسب ان پر بھی اپنا فیصلہ صادر کردے گا۔ جن امپورٹرز نے مزید درخواستیں ایف ٹی او میں داخل کردی ہیں ان میں محمد یعقوب ایم یوسف، فیصل امپیکس کارپوریشن، مریم پیپر مارٹ، مقبول حسن اینڈ کو، محمد علی اینڈ کو، مرتضیٰ ٹریڈرز، کیپیٹل بزنس، سہیل اشرف، ایس ایس بزنس کارپوریشن، جے اسماعیل اینڈ کو، اوساکا پیپرز، ویب کنورٹرز، خاور پیپر مارٹ، وقاص دانش، فیصل ایسوسی ایٹس، نیشنل پیپر مارٹ، افضال انٹرپرائزز، عبداللہ برادرز، صادق پیپرز، صدیق پیپر مارٹ، آر اے ٹریڈنگ کو، دولت سنز، اکمل پرنٹ ہاؤس اور عتیق ٹریڈرز شامل ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اطلاعات کے مطابق 30 امپورٹرز نے جن کو ریفنڈ وصول کرنے کے احکامات ملے ہیں کسٹم سے وصولی کے لئے انہوں نے کارروائی کا آغاز کردیا ہے۔



چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے کہا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے IBM کے گاہکوں سے 19 سال قبل جو وعدہ کیا تھا کہ انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، اس میں سر خرو ہوئے ہیں اور جلد ہی ان کی ڈوبی ہوئی رقوم واپس ملنا شروع ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس کامیابی کا مطلب یہ ہے کہ پیپر مرچنٹس درست تھے اور ان پر انڈر انوائسنگ کا الزام غلط تھا۔

# 57 امپورٹرز بھی ایف ٹی او سے احکامات لینے کی تیاریاں کررہے ہیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 30 امپورٹرز کو ایف ٹی او سے کسٹم کو ریفنڈ کرنے کے احکامات کے بعد دوسرے مرحلے میں مزید 24 امپورٹرز نے درخواستیں داخل کردی ہیں جبکہ اطلاعات کے مطابق مزید 57 کیسز بھی تیار کئے جارہے ہیں جو ایف ٹی او سے رجوع کررہے ہیں۔ جن امپورٹرز کے کیسز تیار ہورہے ہیں ان کے نام یہ ہیں۔ اے ایس کارپوریشن، اے ایس خالد، علی انٹرپرائزز، علیز ٹریڈنگ کو، المقیت کارپوریشن، اے این ایم ٹریڈنگ کو، اپیکس ٹریڈ انٹرنیشنل، آصفہ پیپر مارٹ، عاصم کمپیوٹرائیڈ مینجمنٹ، کمپیوٹر فارم ایم ایف جی ایس، کنورٹرز انٹرنیشنل پرائیوٹ لمیٹڈ، احتشام پروسیس، ایورشائن انٹرپرائزز، فینز انٹرپرائزز، فرحان انٹرپرائزز، فرحان پیپر سینٹر، فضل پیپر مارٹ، فورچون انٹرپرائزز، ایچ کے ٹریڈنگ کو، حاجی محمد ایوب برادرز، حسن علی اینڈ سنز، حسن ٹریڈرز، حسن پیپر، ایچ ایم اے جی امپیکس، آئی آر آئی ٹریڈرز، افتخار احمد، عمران پیپر، جانو اینڈ جانو، قرطاس انٹرنیشنل، خیراللہ پیپر بورڈ، ایم اینڈ ایف کمرشل کارپوریشن، ایم یونس اینڈ کو، مدنی پیپر مارٹ، ماس پیپر کو، مونا ٹریڈنگ کو، نسیم انٹرپرائزز، پاکستان پیکیجز پرائیوٹ لمیٹڈ، آر آر ٹریڈنگ کو، رحمان ٹریدرز، روزی پیپر مارٹ، روشن پیکیجز، ایس اے باٹلہ اینڈ کو، ایس خان اینڈ کو، سارسنز پیپر، شیخ امپیکس، سوہنی انٹرپرائزز، ٹی اے کمرشل کارپوریشن، طارق امپیکس، طارق برادرز، توکل پیپر اسٹور، ٹیلی کام ایڈز، زیڈ کے پیکیجز، زیڈ این ایکسپورٹ۔ دریں اثناء آئی بی ایم کے ایک ترجمان ان امپورٹرز سے کہا ہے کہ دستاویزات جلد از جلد دفتر آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن یا دفتر آئی بی ایم میں پہنچادیں اور اس سلسلے میں کسی بھی معلومات یا رہنمائی کے لئے محمد معیز موبائل نمبر 0322-6566664 پر رابطہ کریں۔

## چائنا کی Jiangxi فائیو اسٹار مل میں حادثہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سوشل میڈیا سے یہاں پہنچنے والی اطلاعات کے مطابق چین کی Jiangxi فائیو اسٹار مل میں ایک حادثہ کے نتیجے میں چار کارکن ہلاک ہوگئے ہیں۔ اس حادثہ کو ایک بڑا حادثہ قرار دیا جارہا ہے۔ اس صورتحال میں مل میں دو ہفتوں کے لئے پیداوار کو معطل کردیا گیا ہے۔ یہ مل گریسین پیپر، سنگل لائٹ پیپر، ڈبل گلو کاروگیٹڈ پیپر اور ورجن بورڈ بناتی ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# سندھ ہائیکورٹ نے کے ایم سی کو بجلی بلوں کے ذریعے ٹیکس وصولی سے روک دیا

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ کے جسٹس حسن اظہر رضوی نے شہریوں کے حقوق پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کے الیکٹرک کو کے ایم سی ٹیکس وصولی سے روکتے ہوئے کہا ہے کہ کے ایم سی ٹیکس نہ دینے پر شہریوں کی بجلی منقطع کرنا مضحکہ خیز عمل ہوگا، ٹیکس کی عدم ادائیگی پر بجلی کی فراہمی سے متعلق ایڈمنسٹریٹر کراچی عدالت کو یقین دہانی نہ کراسکے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے اپنے ریمارکس میں کہا کہ وفاق اور صوبہ کراچی کی آمدن سے چلتے ہیں لیکن کراچی کی تعمیر و ترقی میں حکومتوں کی عدم دلچسپی ایک المیہ ہے، کراچی کے چھوٹے چھوٹے منصوبوں کیلئے ایسے پیسہ دیا جاتا ہے جیسے بھیک دی جاتی ہے، یہاں کی سڑکیں ٹوٹی ہوئی ہیں، سیوریج تباہ ہے، پینے کا صاف پانی میسر نہیں، آئے روز بچوں کو آوارہ کتے کاٹ جاتے ہیں، اسٹریٹ لائٹس تک نہیں ہیں، اسٹریٹ کرمنلز کے ہاتھوں لوگ گھروں کی دہلیز پر لٹ رہے ہیں، چوک چوراہوں پر کچرے کے ڈھیر، گلی محلے میں خاک روب تک نہیں آتے، ڈکیتیاں ہورہی ہیں، کوئی سروس دیے بغیر کیسے ٹیکس پہ ٹیکس لینگے۔ تفصیلات کے مطابق پیر 26 ستمبر 2022 کو جسٹس حسن اظہر رضوی کی سربراہی میں دورکنی بینچ کے روبرو بجلی کے بلوں میں کے ایم سی کے ٹیکسوں کی وصولی کے خلاف سید نجیب الدین ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت ہوئی اس دوران ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب عدالت میں پیش ہوئے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے استفسار کیا کہ کیا یہ وہی ٹیکس ہے جو کے الیکٹرک کے بلوں میں لیا جارہا ہے؟ شہر میں صفائی تو ہو نہیں رہی، ٹیکس کے الیکٹرک کے بلوں میں کیوں وصول کررہے ہیں؟ کے ایم سی کے پاس طریقہ کار موجود ہے، شہر میں بدترین لوڈ شیڈنگ اور مہنگی بجلی کے ٹیرف دینے والی کے الیکٹرک پر لوگ پہلے ہی تپے ہوئے ہیں، انکی گاڑیوں پر کچرا پھینکا جا رہا ہے، کے ایم سی کا اپنا ریکوری سیل ہونا چاہیے جو وصولی کرے۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی مرتضیٰ وہاب نے جواب دیا کہ ایم سی کی ذمے داری شہر میں کام کرنا ہے، پارک بنانا ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ وصولی کیلئے صرف کے الیکٹرک ہی بچا ہے؟ مرتضیٰ وہاب نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ کے الیکٹرک سے پہلے ہم نے خود ریکوری کی کوشش کی تھی مگر کامیاب نہیں ہوسکے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ کے الیکٹرک کا تو حکومت سے تنازع چل رہا ہے، بلوں میں وصول کیئے جانے والے کیا یہ پیسے آپ کو کے الیکٹرک والے دینگے؟ ضلعی کونسل کی 2 جون 2008ء کی قرارداد آپ نے جمع کرائی ہے۔ مرتضیٰ وہاب نے جواب دیا کہ 2008ء سے میونسپل کنزروینسی ٹیکس کے نام سے یہ ٹیکس لگ رہا ہے۔ سندھ ہائی کورٹ نے کہا کہ روڈز بنانے کے لیے 2 ارب روپے کا اعلان کیا گیا تھا۔ ایڈمنسٹریٹر مرتضیٰ وہاب نے جواب دیا کہ ہمیں ڈھائی ارب روپے ملے ہیں۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کے ایم سی کے پاس 16 کروڑ روپے آتے ہیں، اس ٹیکس کے بعد سوا 3 ارب روپے مزید آئینگے۔

جسٹس حسن اظہر رضوی نے سوال کیا کہ پراپرٹی اور موٹر وہیکل ٹیکس لیا جارہا ہے، وہ کتنا مل رہا ہے کراچی کو؟ مرتضیٰ وہاب نے بتایا کہ موٹر وہیکل ٹیکس سے متعلق حکومت سے بات کررہا ہوں۔ عدالت نے استفسار کیا کہ دکانوں اور بینکوں پر لگے ہوئے اشتہارات کی فیس کون لے رہا ہے، اس حوالے سے کوئی ڈیٹا ہے؟ درخواست گزار نے استدعا کی کہ جب تک درخواست کا فیصلہ نہیں ہوتا حکم امتناع جاری کیا جائے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ پیسے لے رہے ہیں تو سروسز تو دیں۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی نے جواب دیا کہ ٹیکس کے ذریعے شہر کی خدمت ہوگی، عرصے سے یہ ٹیکس چلتا آرہا ہے، اس ٹیکس کا مقصد شہر کے انفرااسٹرکچر کو بہتر بنانا ہے۔ عدالت نے ایڈمنسٹریٹر کراچی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ یقین دہانی کرائیں کہ ٹیکس نہ دینے والوں کی بجلی نہیں کاٹی جائے گی۔ تاہم موقع پر موجود مرتضیٰ وہاب عدالت کو مطمئن نہ کرسکے اور عدالت کو بتایا کہ کم سے کم ٹیکس 50 روپے اور زیادہ سے زیادہ 200 روپے ہے، اس سے زیادہ نہیں، 5 ہزار روپے کے ٹیکس کو 200 روپے کردیا ہے، پہلے یہ ٹیکس کسی اور کی جیب میں جارہا تھا، اب یہ کے ایم سی کے پاس آئیگا۔ سندھ ہائی کورٹ نے استفسار کیا کہ اس ٹیکس کے بدلے آپ شہریوں کو کیا سہولتیں دیں گے؟ ایڈمنسٹریٹر کراچی نے کہا کہ سڑکیں، انڈر پاس اور پل وغیرہ بنائینگے۔ سندھ ہائی کورٹ نے کہا کہ یہ سب عوام کے پیسوں سے کرینگے؟ ایڈمنسٹریٹر کراچی نے کہا کہ یہ نیا ٹیکس نہیں ہے پرانا ٹیکس ہے۔ جسٹس حسن اظہر رضوی نے مرتضیٰ وہاب سے دوبارہ استفسار کیا کہ کے الیکٹرک کو کے ایم سی ٹیکس نہ دینے والے شہری کی بجلی منقطع کردی جائے گی؟ ایڈمنسٹریٹر کراچی نے استدعا کی کہ ٹیکس وصولی سے ابھی نہ روکیں میں آئندہ سماعت تک تمام تفصیلات پیش کروں گا۔ عدالت عالیہ نے اپنے حکم میں کہا کہ کے الیکٹرک کے ذریعے شہریوں سے میونسپل چارجز وصول کرنا کسی طور پر مناسب نہیں ہے۔ اس موقع پر کے الیکٹرک کے وکیل نے عدالت سے استدعا کی کہ درخواست گزار نے کے الیکٹرک کے بجائے سی ای او کو فریق بنایا ہے درخواست گزار کو ترمیم کرنے کی ہدایت کی جائے۔ عدالتِ عالیہ نے درخواست گزار سید نجیب الدین ایڈووکیٹ کو دائر درخواست میں ترمیم کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سی ای او کی جگہ کے الیکٹرک کو فریق بنایا جائے، اس حوالے سے دائر تمام درخواستیں ایک ساتھ منسلک کردی جائیں۔ سندھ ہائی کورٹ نے کے الیکٹرک کو میونسپل ٹیکس کی وصولی سے روکتے ہوئے سماعت 10 روز کیلئے ملتوی کردی۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229

# شینڈ ونگ چنمنگ پیپر ملز کے آئٹمز میں 50 ڈالر فی ٹن کا اضافہ

چائنا (پیپر بزنس نیوز) شینڈ ونگ چنمنگ پیپر ملز چائنا کے ترجمان نے اپنے صارفین کو 22 ستمبر 2022 کو مطلع کیا ہے کہ خام مال اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے ہماری تمام مصنوعات کی قیمتیں یکم اکتوبر 2022 سے 50 ڈالر میٹرک ٹن بڑھ جائیں گی، جن مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے ان میں فولڈنگ باکس بورڈ، کوٹڈ آرٹ بورڈ، کپ اسٹاک، فوڈ پیکیجنگ بورڈ، کوٹڈ کرافٹ بیک شامل ہیں۔ ملز ترجمان کا کہنا ہے کہ ہم اپنے صارفین کے کاروبار کے لیے ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں اور امید کرتے ہیں کہ صارفین ان قیمتوں میں اضافے کی ضرورت کو سمجھ گئے ہوں گے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل 15 ستمبر 2022 سے بھی شینڈ ونگ نے ان آئٹمز کی قیمتوں میں 50الرفی ٹن کا اضافہ کیا تھا۔

# انجمن تاجران اردو بازار کی دکانداروں کو تجاوزات نہ کرنے کی ہدایت

لاہور (نمائندہ خصوصی) انجمن تاجران اردو بازار لاہور کے صدر خالد پرویز، جنرل سیکریٹری محمد جمیل نے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انجمن تاجران اردو بازار تجاوزات کے حوالے سے کئی بار مطلع کرچکے ہیں اور اب میونسپل کارپوریشن کے سخت احکامات آچکے ہیں کہ سب دکاندار بلڈنگ لائن تک محدود رہیں یعنی سلیپ بھی ختم کریں۔ لہٰذا انجمن تاجران دکانداروں کا ان کے اپنے مفاد میں ہدایت کرتی ہے کہ وہ اپنی بلڈنگ کی حدود تک محدود رہیں، سلیپ وغیرہ یا کوئی سامان بلڈنگ کی حدود سے باہر ہوگا، میونسپل کارپوریشن سامان ضبط کرنے کے علاوہ بھاری جرمانہ بھی عائد کرے گی جس کے آپ خود ذمہ دار ہونگے۔ انہوں نے واضح کیا ہے کہ انجمن تاجران اردو بازار ناجائز تجاوزات میں آپ کی کوئی مدد نہ کرسکے گی۔ لہٰذا تجاوزات کو فوری طور پر خود ہی ختم کرلیں ورنہ میونسپل کارپوریشن کوئی رعایت نہ کرے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725




# FORTUNA WHITE BACK

## PREMIUM QUALITY BOX BOARD

### Best for:

- Ground Printing
- Spot & Solid UV
- Lamination
- Pasting
- Box Making
- Packaging

**AFZAL TRADERS**
Dealer & Distributor of
Local Board Mills of Pakistan
www.afzaltrading.com

### Head Office

Shop# 2, Burhani Lounge, Tayyabjee Road, Paper Market, Karachi.
maps.afzaltrading.com
0300-8549453
021-32623450
021-32629636

### Branch Office

Shop# S4-S5, Jamia Masjid, near Enquiry Office, Nazimabad# 2, Karachi.
nzbd.afzaltrading.com
0345-3122349
021-36608890

# SALMAN PAPER PRODUCTS (PVT) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# PAPERLINE

## HI - GRADE
## PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80
## GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN ★ 2010 ★

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM™
ISO 9001.2015
CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# بزنس کمیونٹی کو اسحاق ڈار سے بہت سی امیدیں وابستہ



کراچی (نیوز ڈیسک) مسلم لیگ ن کے دوسرے طاقتور ترین رہنما اور سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار 5 سال کی خود ساختہ جلاوطنی کے بعد پاکستان واپس آ گئے۔ انھوں نے منگل 27 ستمبر 2022 کو سینیٹر کے طور پر حلف اٹھالیا اور ملکی معیشت میں شدید بحران کے درمیان اب اگلے وزیر خزانہ بننے کے لیے تیار ہیں۔ ان کے ماضی کے تجربے، کارکردگی اور ماضی میں اسی پوزیشن پر رہونے والے ٹریک ریکارڈ کو دیکھتے ہوئے کاروباری برادری کو ان سے بہت سی امیدیں وابستہ ہیں تاہم اس بار تھوڑا سا ہچکچاہٹ کا شکار ہیں کیونکہ معیشت کو بہت زیادہ چیلنجز درپیش ہیں، خوش قسمتی سے اس کی واپسی کا وقت اس کے لیے سازگار ہے۔ پاکستان بزنس کونسل (PBC) کے سی ای او احسان ملک نے کہا کہ ان کی واپسی نے کاروبار کے لیے رجحانات کو مثبت میں بدل دیا ہے۔ تاہم دنیا سے ایک اعتماد حاصل کرنا ان کے لیے چیلنج بن سکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان کے غیر ملکی قرضوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان کے ڈیفالٹ کا خطرہ مسلسل منڈلا رہا ہے اور بیرونی دنیا اب بھی یقین ہے کہ پاکستان ڈیفالٹ ہوجائے گا۔ ڈار ڈالر کے مقابلے میں روپے کو مضبوط رکھنے کے حوالے سے جانا جاتا ہے۔ تاہم اس بار ملک کے پاس انٹربینک مارکیٹ میں روپے کے دفاع کے لیے زرمبادلہ کے ذخائر نہیں ہیں۔ دوسرا یہ کہ مرکزی بینک کو آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت اس بار روپے کو کنٹرول کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ پاکستان اب درآمدات کو کنٹرول میں رکھنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ آدھی صنعتیں یا تو بند پڑی ہیں یا پیداوار میں کٹوتی کا سامنا ہے۔ برآمد کنندگان نے یورپ میں کساد بازاری کے دوران آرڈرز کھونے کی اطلاع دینا شروع کر دی ہے جو کہ پاکستان کی اہم برآمدی منڈی ہے۔ تجربہ کار بزنس مین عارف حبیب نے کہا کہ پاکستان میں سب سے بڑا چیلنج روپے کا مستحکم ہونا ہے۔ ڈار ایک تجربہ کار وزیر خزانہ رہے ہیں، وہ ماضی میں بھی ایسا کر چکے ہیں۔ دوم یہ کہ عالمی اجناس میں نمایاں کمی اسے درآمدی بل کو کم کرنے اور درآمدی مہنگائی کو بھی کم کرنے میں مدد دے گی۔ بزنس ٹائیکون عقیل کریم ڈیڈھی نے اسحاق ڈار کے ماضی کے ٹریک ریکارڈ کو دیکھتے ہوئے ان کی قیادت پر اعتماد ظاہر کیا۔ تاہم انھوں نے کہا کہ ان کے مستقبل کی کارکردگی پر تبصرہ کرنا قبل از وقت ہے۔ انھوں نے کہا، انھیں ایک سے دو ہفتے کام کرنے دیں۔ انھیں پالیسی بیانات دینے دیں تاکہ ہم اس پر بات کر سکیں کہ وہ مستقبل میں ملک کو کہاں لے جائیں گے۔ تاہم معلوم ہوا ہے کہ ستمبر میں اس وقت وزیر خزانہ کی تبدیلی منطق ہے، اپریل میں وزیر خزانہ کا عہدہ سنبھالنے والے مفتاح اسماعیل کو ہرصورت اکتوبر میں جانا تھا کیونکہ وہ 6 ماہ سے زیادہ اس عہدے پر نہیں رہ سکتے تھے۔ وہ غیر منتخب وزیر تھے۔

## آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات میں تمام امیدوار بلا مقابلہ کامیاب

کراچی (نیوز ڈیسک) آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات برائے 23-2022 میں پاکستان کسٹمز ایجنٹس الائنس کے بانی حاجی آصف کے نامزد امیدواروں میں امیدوار بلا مقابلہ کامیاب ہوگئے ہیں۔ حاجی آصف نے گزشتہ برس ہی پاکستان کسٹمز ایجنٹس الائنس کی بنیاد رکھی اور ایک سال کے عرصہ میں اس قدر مقبولیت حاصل کی کہ آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی کے انتخابات برائے 23-2022 میں ان کی جانب سے نامزد کردہ امیدوار بلا مقابلہ کامیاب قرار پائے ہیں حاجی آصف نے کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کی طرح آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے ممبران کو یکجا کرنے میں اہم کردار ادا کیا اور اس کے وجہ سے ملک بھر کے کلیئرنگ ایجنٹس ایک پلیٹ فارم پر آ کر کھڑے ہوگئے ہیں۔ پاکستان کسٹمز ایجنٹس الائنس کی جانب سے آل پاکستان کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات برائے 23-2022 میں کارپوریٹ کلاس کے بلا مقابلہ کامیاب ہونے والے امیدواروں میں محمد حسین درفجانی، قمر عالم، عبدالمجید نورانی، محمد رشد، محمد رفیق، اختر علی، فرید فیاض، محمد ارشد، سعید احمد، خواجہ طاہر محمود، صغیر احمد قریشی، محمد ساجد، اوسامہ سدو، ثاقب سلطان، سید محسن رضا شامل ہیں جبکہ ایسوسی ایٹ کلاس کے بلا مقابلہ کامیاب ہونے والے امیدواروں میں آغا افتخار احمد، داؤد احمد خان، فاروق احمد، لیاقت جاوید، ایم ندیم اللہ، مقبول احمد، مقبول حسین، مسعود عالم وائن، مرزا قاسم بیگ، محمد رؤف، محمد رضوان، محمد سہیل، محمد طارق جاوید، سادت مقبول، شیخ طارق محمود شامل ہیں۔

## کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات میں تمام امیدوار بلا مقابلہ کامیاب

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات برائے 23-2022 میں کسٹمز ایجنٹس الائنس کے نامزد امیدواروں میں امیدوار بلا مقابلہ کامیاب ہو گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے 23-2022 میں کسٹمز ایجنٹس الائنس کی جانب سے نامزد امیدواروں میں شامل صدر ندیم کامل، سنیئر نائب صدر گلزار شاہ، جنرل سیکریٹری زاہد بشیر، جوائنٹ سیکریٹری جنید محمود، انفارمیشن سیکریٹری مرزا محمد شارخ، فنانس سیکریٹری محمد مناف جھنگڑا، نائب صدور اختر علی شیروانی، حسن شیخ وہرہ، رانا زاہد فاروق، شیخ مدثر رفیق منگو، زاہد شریف، زاہد تنویر، ممبر مینیجنگ کمیٹی کے پر عہدوں پر نامزد عابد حسین چوہدری، ارشد جمال، دانش ریاض، فراز احمد تنولی، حسن شمس ڈار، اصلاح علی انصاری، ملک محمد شبیر، محمد عبدالمتین، محمد بلال احمد، محمد منشاء، محمد منصور بھگوانی، محمد مبشر، محمد رضوان میر، نور علی، رحیل گوہر، رانا تنویر حسین، سید فیصل کامران کمال، طارق محمود ملک، بلا مقابلہ کامیاب ہوگئے ہیں۔ اس سلسلے میں کسٹمز ایجنٹس الائنس کے بانی حاجی آصف سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات برائے 23-2022 میں بلا مقابلہ کامیاب ہونے والے امیدواروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ تمام کسٹمز ایجنٹس برادری کو کسٹمز ایجنٹس الائنس کے منتخب کردہ امیدواران پر اعتماد ہے اور وہ کسٹمز ایجنٹس کے مسائل کو کم کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔

## ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں 143 فیصد کی نمو ریکارڈ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات میں سالانہ بنیادوں پر 143 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ سٹیٹ بینک کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ اعدادوشمار کے مطابق جولائی سے لیکر اگست تک کی مدت میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کا حجم 810.48 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 143 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملکی درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کا حجم 333.58 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔ اعدادوشمار کے مطابق اگست کے مہینہ میں درآمدات پر مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کی مد میں 419.26 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو جولائی کے مقابلہ میں 7.16 فیصد اور گزشتہ سال اگست کے مقابلہ میں 139 فیصد زیادہ ہے۔ جولائی میں مال برداری اور انشورنس کے اخراجات کا حجم 391.22 ملین ڈالر اور گزشتہ سال اگست میں 175.33 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ودرآمدی آفسیٹ، آرٹ کارڈ، آرٹ پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

## ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ کی قیمتوں میں بھی اضافہ سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی دیکھنے میں آئی اور 28 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں پنڈو آرٹ کارڈ، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا،کلر بریف کارڈ، نیو یا آرٹ پیپر، درآمدی آفسیٹ پیپر آفسیٹ آئی اور ریل کٹ،مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش، کراؤن پیپراورٹاپ رائیٹر،اسٹیکر پیپر ویریٹیک ،ایکنا اور گولڈن ٹیک جی ایس ایف کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو2000 میں کمی بیشی دیکھی گئی۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ رہی کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 390روپے سے بڑھ کر400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور350 گرام، 380روپے سے بڑھ کر390روپے فی کلوہوگیا ہے۔کلر بریف کارڈ جنگ کار برانڈ پنڈو ڈیلی 22x28 سائز 150 گرام، 22x28 سائز 180 گرام، 408روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز80۔90۔100۔105۔113۔128 اور150 گرام، 365روپے سے بڑھ کر370روپے فی کلوہوگیا ہے ۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔113۔128 اور 150 گرام، 360روپے سے بڑھ کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے ۔کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 3300روپے سے کم ہو کر 3150 روپے،18x23سائز 3400روپے سے بڑھ کر 3550روپے فی ریم ہوگیا ہے ۔درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035انڈو نیشیا تمام سائز تمام گرام، 400روپے سے بڑھ کر410روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ70،75اور 80 گرام، 395 روپے سے بڑھ کر400 روپے فی کلوہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 280روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 68 گرام، 250روپے سے بڑھ کر255روپے فی کلو ہوگیا ہے۔فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا بی ایل سی 70 گرام، 1020 روپے سے کم ہوکر 1010روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔بی ایل سی 80 گرام، 1180 روپے سے کم ہوکر 1170روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام،1100 روپے سے بڑھ کر1120روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آئی کے کاپی 70 گرام،A3سائز2150روپے سے کم ہوکر 2100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔آریا70 گرام،950روپے سے بڑھ کر 960 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 4200 روپے سے بڑھ کر4400روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے ۔اسٹیکر پیپر ایکنا برانڈ، 20x30سائز،3700روپے سے بڑھ کر3850روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا،20x30سائز، 2900روپے سے بڑھ کر2950روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# وفاقی ٹیکس محتسب کے ٹیکس دہندگان کی شکایات پر ریکارڈ 75 ازخود نوٹس

لاہور (نیوز ڈیسک) وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے رواں سال کی پہلی ششماہی میں ریکارڈ تعداد میں 75 ازخود نوٹس لیے تاکہ ٹیکس دہندگان کو ایف ٹی او کے دائرہ کار کے اندر سہولت فراہم کی جاسکے۔یہ بات 25 ستمبر کو یہاں ایف ٹی او کے اعزازی کوآرڈینیٹر مہر کاشف یونس نے تاجر برادری کے ساتھ آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ زیر جائزہ مدت کے دوران ملک بھر سے ایف بی آر کے عہدیداروں کے خلاف کل 3 ہزار شکایات درج کرائی گئیں، ایف ٹی او کے مشیروں نے ان میں سے 2650 شکایات کا مقررہ مدت کے اندر ازالہ کیا۔ان کا کہنا تھا کہ ایف ٹی او کے دائرہ کار میں شکایات کے ازالے کی مدت اب 60 دن سے کم کر کے صرف 40 دن کردی گئی ہے جس سے شکایات کو تیزی سے منطقی انجام تک پہنچایا جاسکے گا۔انہوں نے کہا کہ ایف ٹی او کی مداخلت پر کسٹمز نے ضبط شدہ گاڑیوں اور سامان کی نیلامی سے 5 ارب روپے کا ریونیو اکٹھا کیا۔اسی طرح ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان کو 8 ارب روپے کے ریفنڈز کی ادائیگیاں کیں جبکہ کئی دیگر اہم فیصلوں سے نجی شعبے کو بہت زیادہ فائدہ پہنچایا۔مہر کاشف یونس نے کہا کہ ایف ٹی او نے موجودہ نیٹ ورک کے علاوہ ٹیکس دہندگان کی سہولت کے لیے 5 نئے علاقائی دفاتر بھی قائم کئے ہیں تاکہ شکایات کنندگان کا وقت ضیاع نہ ہو، ایف ٹی او خود ٹیکس دہندگان کے وکیل ہیں، بزنس کمیونٹی ان کی طرف سے دی گئی مفت سروسز سے بھرپور فائدہ اٹھائے۔انہوں نے کہا کہ ایف ٹی او نے واضح کیا ہے کہ ایف بی آر کی جانب سے کسی ناانصافی اور کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور دوسری طرف یہ کہ ریاست کا نظام چلانے کے لیے ٹیکس بھی بروقت ادا کیے جائیں۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی ٹیکس دہندہ اپنے مسئلے کے حل کیلئے قریبی علاقائی دفاتر سے ذاتی طور پر یا تحریری طور پر عام ڈاک، ای میل، واٹس ایپ یا ٹیلی فون کے ذریعے رابطہ کرسکتا ہے اور اپنی شکایات کے ازالے میں مدد کے لیے درخواست جمع کراسکتا ہے۔اس حوالے سے ایف ٹی او کی ویب سائٹ پر تمام معلومات دستیاب ہیں۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## سیکورٹی پیپرز لمیٹڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:13
کرافٹ پیپر لوکل، تعداد:26 ٹن
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: مین گیٹ فیکٹری، جناح ایونیو، ملیر ہالٹ، کراچی۔
فون:021-99248536-7

## اسٹیٹ لائف کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:IT/Po/19/2022
اسٹیشنری کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:13 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپارٹمنٹل ہیڈ، جنرل سروسز، 2nd فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 9، کراچی۔
فون:021-99204521

## ایگریکلچر یونیورسٹی کو پیپر درکار

پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد:2000 ریم
پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد:2000 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹوریٹ آف پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول، مری روڈ، شمسہ آباد، راولپنڈی۔
فون:051-9292098

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کا پرنٹنگ ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:UE/26
کانووکیشن میٹریل کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، کالج روڈ، ٹاؤن شپ، لاہور۔
فون:042-99262230

## کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:06-23
دعوت نامے، اور سوینیئر کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:10 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، لاہور۔

## پنجاب سوشل سیکورٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:PSS/Pro/34/22
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:7 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پی اینڈ پی ڈپارٹمنٹ، ہیڈ آفس، 30-E/3، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔
فون:042-35865131-3

## کنٹرول نیول اکاؤنٹس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:01/2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:10 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفیسر (ایڈمنسٹریشن) آفس، 14۔لیاقت بیرکس، لکی اسٹار، صدر، کراچی۔
فون:021-48506373

## بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:T/2022-23/02
وائٹ امپورٹڈ پیپر 80 گرام A4 سائز، تعداد:2500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:6 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ملتان۔
فون: 061-9210071-5EXT:1318

## نیشنل کالج آف آرٹس کو پیپر درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:42-2022
امپورٹڈ پیپرز، 80 گرام۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:28 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس سیکشن، 4۔شاہراہ قائد اعظم، لاہور۔

## انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

وائٹ لوکل پیپر، سائز 23x36، 80 گرام، تعداد:500 ریم۔
وائٹ لوکل پیپر، سائز 20x30، 80 گرام، تعداد:500 ریم۔
وائٹ لوکل پیپر، سائز 23x36، 75 گرام، تعداد:500 ریم۔
وائٹ لوکل پیپر، سائز 20x30، 75 گرام، تعداد:500 ریم۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ:11 اکتوبر 2022ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر پریس، اسلام آباد۔
فون:051-9260734

# سیالکوٹ چیمبر کے انتخابات بھی مکمل

سیالکوٹ (نیوز ڈیسک) عبدالغفور ملک صدر، وہب جہانگیر سینئر نائب صدر اور عامر مجید شیخ نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا اہم اجلاس گروپ لیڈر اتحاد فاؤنڈر گروپ شیخ ریاض الدین کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیمبر آف کامرس کے سال 2022-23 کے لئے عبدالغفور ملک صدر، وہب جہانگیر سینئر نائب صدر اور عامر مجید شیخ کو نائب صدر کو اتفاق رائے سے بلا مقابلہ منتخب کر لیا گیا۔ اجلاس میں صدر چیمبر میاں عمران اکبر، سنیئر نائب صدر شیخ زوہیب رفیق، قاسم ملک، سابق صدر چودھری قیصر اقبال بریار، شیخ ریاض الدین گروپ لیڈر اتحاد فاؤنڈر، ماجد رضا بھٹہ، ڈاکٹر نعمان ادریس بٹ، میاں محمد خلیل، محسن گل، حاجی میاں شاہد، اعجاز غوری، خرم اسلم بٹ، جاہنگیر، میجر (ر) منصور احمد، ملک اشرف اعوان، ملک زاہد لطیف اور دیگر ممبران نے شرکت کی اور چیمبر آف کامرس کے نو منتخب عہدیدارا ن کو مبارک باد دی۔

### ایوانِ تجارت وصنعت حیدرآباد: سیٹھ گوہر اللہ بلا مقابلہ صدر منتخب

حیدرآباد (نیوز ڈیسک) حیدرآباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر کا انتخاب کر لیا گیا۔ الیکشن شیڈول سال 2022۔2023 کے مطابق عہدیداروں کے انتخابات کے سلسلے میں حیدرآباد چیمبر کے صدر کے لئے سیٹھ گوہر اللہ، سینئر نائب صدر کے لئے ضیا الدین جبکہ نائب صدر کے لئے محمود راجپوت نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے، اس طرح صرف تین امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے جو کہ جانچ پڑتال کے بعد درست قرار دیئے گئے، لہٰذا غیر حتمی نتائج کے مطابق سیٹھ گوہر اللہ بلا مقابلہ صدر، ضیا الدین سینئر نائب صدر جبکہ محمود راجپوت نائب صدر منتخب ہو گئے ہیں۔

### اسلام آباد چیمبر کے انتخابات احسن ظفر بختاوری صدر منتخب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) احسن ظفر بختاوری اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نئے صدر منتخب ہو گئے۔ احسن ظفر بختاوری اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سال برائے 2022-23 کیلئے نئے صدر منتخب ہو گئے۔ اس سلسلے میں آئی سی سی آئی میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں چیف الیکشن کمیشن زاہد مقبول نے الیکشن نتائج کا اعلان کیا۔ فادوحید سینئر نائب صدر اور انجینئر اظہر الاسلام ظفر نائب صدر منتخب قرار پائے۔ تینوں عہدیداران کا انتخاب بلا مقابلہ ہوا۔ نو منتخب عہدیداران یکم اکتوبر کو با قاعدہ طور پر اپنے عہدوں کا چارج سنبھالیں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 2021: پیپر کی برآمدی مالیت 183 ارب ڈالر رہی

## جرمنی 22 ارب ڈالر کی برآمدات کے ساتھ سرفہرست، چائنا کا نمبر دوسرا ہوگیا

| S. No | Country | $ Value In Billion | Value In % of total world exports |
|---|---|---|---|
| 1 | Germany | 22.8 | 12.5 |
| 2 | China | 21.8 | 11.9 |
| 3 | United States | 15.3 | 8.4 |
| 4 | Sweden | 9.2 | 5 |
| 5 | Italy | 8.1 | 4.4 |
| 6 | Finland | 7.9 | 4.3 |
| 7 | Canada | 7.2 | 3.9 |
| 8 | France | 6.9 | 3.8 |
| 9 | Netherlands | 6.7 | 3.6 |
| 10 | Poland | 6.1 | 3.3 |
| 11 | Austria | 5.3 | 2.9 |
| 12 | Belgium | 5.04 | 2.8 |
| 13 | Spain | 4.99 | 2.7 |
| 14 | Indonesia | 4.2 | 2.3 |
| 15 | Russia | 3.2 | 1.7 |

### پیپر کی برآمدات

تمام ممالک سے برآمد ہونے والے پیپر کی عالمی فروخت 2021 میں مجموعی طور پر 183 ارب امریکی ڈالر رہی۔ جبکہ 2020 میں یہ 157 ارب ڈالر تھیں اس طرح مجموعی طور پر برآمدات میں 15 فیصد کا اضافہ ہوا۔

2020 سے 2021 تک، مجموعی طور پر پیپر کی برآمدات کی مالیت میں 14.8 فیصد رہی۔

سب سے بڑے 5 برآمد کنندگان (جرمنی، چین، امریکہ، سویڈن اور اٹلی) نے 2021 میں عالمی سطح پر 42.2 فیصد پیپر برآمد کیا۔ گزشتہ سال چائنا پہلے نمبر پر تھا لیکن 2022 میں یہ دوسرے نمبر پر چلا گیا۔ پانچویں نمبر پر فن لینڈ کی جگہ اٹلی نے لے لی۔

براعظم کے لحاظ سے، یورپی ممالک نے 2021 کے دوران پیپر برآمد کنندگان میں سب سے زیادہ فروخت کی جس کی مالیت 103.7 ارب ڈالر (عالمی پیپر کی برآمدات کا 56.7) ہے۔ دوسرے نمبر پر ایشین برآمد کنندگان دنیا بھر میں پیپر کی ترسیل کے 26.2 فیصد پر تھے جو شمالی امریکہ کے 13.3 فیصد سے آگے تھا۔

ذیل میں ان 15 ممالک کی فہرست دی گئی ہے جنہوں نے 2021 کے دوران ڈالر کی سب سے زیادہ ویلیو والا پیپر برآمد کیا۔

قیمت کے لحاظ سے، درج فہرست 15 ممالک سے 2021 میں برآمد کردہ پیپر کا 73.5 فیصد ہے جس کی مالیت 134 ارب ڈالر بنتی ہے۔ جبکہ 2020 میں ان ممالک نے 74.5 فیصد پیپر برآمد کیا تھا جس کی مالیت 116 ارب ڈالر بنتی تھی اس طرح مالیت کے اعتبار سے 2021 میں 14 فیصد زیادہ ہے۔

سرِ فہرست برآمد کنندگان میں، 2020 کے مقابلے میں تیزی سے برآمدات بڑھانے والے ممالک میں رشیا 30.8 فیصد، نیدرلینڈ 27.5 فیصد، اسپین 25.8 فیصد جبکہ بیلجیم 24.8 فیصد اضافے کے ساتھ نمایاں ہیں۔ جبکہ انڈونیشیا نے اپنی برآمدات میں سب سے کم 0.7 فیصد اضافہ کیا ہے۔

## دنیا کساد بازاری کی طرف بڑھ رہی ہے، ڈبلیوٹی او کا انتباہ

کراچی (نیوز ڈیسک) تجارت کی عالمی تنظیم ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈبلیو ٹی او) نے خبردار کیا ہے کہ پے در پے بحرانوں کے باعث دنیا تیزی سے عالمی کساد باری کی طرف بڑھ رہی ہے۔ خبر رساں نے ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن کی سربراہ نگوزی اوکونجو آئیویلا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت جاری تصادم بحرانوں کو جنم دے رہے ہیں جو عالمی سطح پر کساد بازاری کی وجہ بن سکتے ہیں۔ تنظیم نے ممالک سے اپنی پالیسیاں تبدیل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ نگوزی اوکونجو آئیویلا نے ڈبلیوٹی او کے سالانہ پبلک فورم کے موقع پر خطاب میں کہا کہ 'میرے خیال میں ہم عالمی کساد بازاری کی طرف بڑھ رہے ہیں تاہم یہ وقت ہے یہ سوچنے کا کہ ہم اس سے باہر کیسے نکلیں گے، ہم کو پیداوار کو بحال کرنے اور بڑھانے کی ضرورت ہے۔' اسی طرح خبر رساں ادارے کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ آرگنائزیشن فار اکنامک کوآپریشن اینڈ ڈویلپمنٹ نے بھی ملتے جلتے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگلے سال عالمی معیشت کو اس سے بڑھ کر ضرب لگ سکتی ہے جس کا خدشہ پچھلے سال ظاہر کیا گیا تھا اور اس کی وجہ سے روس یوکرین جنگ کے اثرات ہیں۔

### ایکسچینج کمپنیوں سے 2 ہزار ڈالر کی خرید و فروخت بینک اکاؤنٹ سے ہوگی، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ 2 ہزار ڈالر یا اس کے مساوی دیگر غیر ملکی کرنسی کی خرید وفروخت اب صارف کے ذاتی اکاؤنٹ سے ہوگی۔ اسٹیٹ بینک کے نئے ضوابط کے مطابق ٹرانزیکشن کی رسید پر صارف کا شناختی کارڈ نمبر دستاویز میں درج کیا جائیگا تاہم ایکسچینج کمپنیز سے زرمبادلہ خرید وفروخت کی دیگر شرائط میں تبدیلی نہیں ہوگی۔ مرکزی بینک کا کہنا تھا کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے والوں کے خلاف ریگولیٹری کارروائی کی جائے گی اور ریگولیٹری نظام کی مضبوطی کے لیے ایکسچینج کمپنیز کے ضوابط میں ترمیم کی گئی ہے، نئے ضوابط فوری طور پر نافذ العمل ہوں گے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# پورٹ پر رُکے سامان کا مسئلہ سنگین ہو گیا: فہیم الرحمان سہگل

لاہور (بزنس ڈیسک) چیئرمین پاکستان انڈسٹریل اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشنز فرنٹ (پیاف) اور سابق نائب صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمان سہگل نے خام مال اور ٹریڈ انڈسٹری سے متعلقہ چیپٹرز 84 اور 85 کے ایشو پر پیاف ایگزیکٹو کمیٹی کے ہنگامی اجلاس میں کہا ہے کہ حکومت ہوش کے ناخن لے اور تاجروں کا استحصال کرنا بند کرے۔ پورٹس پر رکا ہوا سامان فوری کلیئر کیا جائے، سامان کی بروقت کلیئرنس نہ ہونے کی وجہ سے مارکیٹس میں سپلائی شدید متاثر ہے اور مال کم ہونکی وجہ سے ذخیرہ اندوزی اور مہنگائی کو ہوا مل رہی ہے، حکومت نے ریلیف دینے کا وعدہ کیا تھا مگر ہنور پورا نہیں کیا گیا ہے جبکہ یہ ایشو سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ تاجروں کے کنٹینرز کے ڈیٹینشن اور ڈیمرج چارجز کی مد میں ڈالے گئے بلا جواز جرمانوں کو فی الفور ختم کیا جائے۔ حکومتی بد انتظامی اور بیوروکریسی کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے بزنس کمیونٹی کا استحصال بند کیا جائے۔ پیداواری لاگت میں اضافے کی وجہ سے پوری ٹریڈ انڈسٹری دباؤ کا شکار ہے اور ٹیکسٹائل انڈسٹری جو معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہے وہ بھی شدید متاثر ہے، پاکستان میں خطے کے دیگر ممالک کی نسبت بجلی گیس، فیول اور شرح سود زیادہ ہونے کی وجہ سے ٹریڈ انڈسٹری پہلے ہی شدید متاثر ہے اور کاروباری مندے کا شکار ہے اور ٹریڈرز کا کیش فلو رکا ہوا ہے۔ مشینری اور مشینری پارٹس کی عدم دستیابی کی وجہ سے مینو فیکچرنگ اینڈ ٹریڈ انڈسٹری کو انٹرنیشل آڈرز کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ مزکورہ آڈرز بنگلہ دیش اور دوسرے ہمسایہ ممالک کی طرف شفٹ ہو رہے ہیں، اس ضمن میں تاجروں کو متعلقہ چیپٹر 84 اور 85 کی وجہ سے درپیش مشکلات کا فوری ازالہ کیا جائے، فہیم الرحمان نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر ریلیف نہ دیا گیا تو یہ اقدام پیداواری لاگت میں مزید اضافہ کو پروموٹ کرے گا۔ کاروبار مخالف اقدامات کرنے کی بجائے تاجر دوست اقدام اٹھائے جائیں۔ حکومت کو چاہیے کہ بڑھتے ہوئے تجارتی خسارے کو کم کرنے کیلئے ایسے اقدامات کئے جائیں جس سے صنعتوں میں پیداواری لاگت کو کم ہو تا کہ ملکی برآمدات کو بڑھایا جا سکے۔ پیاف عہدیداران نے حکومت پر زور دیا کہ وہ تمام معاشی امور پر بزنس کمیونٹی کو اعتماد میں لیں کیونکہ تاجر معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور معاشی بہتری کے لیے زیادہ بہتر کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ تجارتی پالیسی میں برآمدات میں اضافہ کیلئے اربوں روپے مختص کیے گئے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ برآمدات میں اضافہ کیلئے اس رقم کا استعمال کیا جائے۔

# ڈار کی تعیناتی، روپیہ مزید مستحکم، ڈالر 232 روپے تک آ گیا

